مجھے دین اسلام سے پیار ہے

؎ گر تیرے سامنے پرچمِ کفر بلند ہو
یا اِلَّا اللہ نہ کہہ یا اسے تار تار کر دے

# اِسلامی قاعدہ

مرتب حاجی محمد یوسف چشتی

ہدیہ ۲۵ روپے

مرحبا مرحبا چوک غوثِ اعظم منڈی فیض آباد تحصیل وضلع ننکانہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# انتساب

محسن عالم ،معلم انسانیت ،جان کائنات ،نبی آخرالزمان اور اپنے محبوب ترین آقا حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کے مبارک ومقدس نام نامی ،اسم گرامی سے منسوب ومعنون کرتا ہوں جس مقدس ہستی کے لائے ہوئے نظام حکومت اور نظام تعلیم کی ترویج اشاعت کا ایک بہت بڑا فرض عالم اسلام پر بالخصوص اسلامیان پاکستان پر بطور قرض باقی ہے

**بفیضان کرم :**

نقیب فقر غیور، بے باک مرد مومن ،قطب وقت حضرت قبلہ خواجہ محمد شفیع چشتی صاحب دامت برکاتہم العالیہ علی پور شریف ضلع مظفر گڑھ

**الاھداء :**

حق وصداقت کے علمبردار حضرت علامہ مولانا مفتی فضل احمد چشتی صاحب لاہور کے نام جن کی مساعی جمیلہ کی برکت سے پاکستان میں رائج خلاف اسلام نظام حکومت اور برطانوی وسازشی نظام تعلیم کے خلاف غیرت مندانہ اقدام ہو رہا ہے۔

# اِنَّه' لَايُحِبُّ الْكٰفِرِيْنَO ۴۵

بے شک وہ (اللّٰہ ) کافروں سے محبت نہیں کرتا (سورۃ روم)

# اللّٰہ دیکھ رہا ھے

**شیطان کا گروہ ہار میں ہے:**






خوب یاد رکھو بیشک شیطان کا گروہ ہی ہار میں ہے بیشک جو لوگ اللّٰہ اور رسول اللّٰہ ﷺ کی مخالفت کرتے ہیں یہی لوگ ذلیل ترین لوگوں میں سے ہیں۔ (سورۃ المجادلہ آیت ۱۹)




**مسجدوں کی ویرانی چاہنے والے ظالم ہیں:**

اور اس سے بڑھ کر ظالم کون جو اللّٰہ کی مسجدوں کو روکے ان میں اللّٰہ کا نام لیے جانے سے اور ان کی ویرانی میں کوشش کرے ان کو نہ پہنچتا تھا کہ مسجدوں میں جائیں مگر ڈرتے ہوئے ان کے لیے دنیا میں رسوائی ہے اور ان کے لیے آخرت میں بڑا عذاب (سورۃ بقرہ ۱۱۴)

بنی عبدالمطلب کے بچے جب بولنا شروع کرتے تو اُن کو سب سے پہلے قل الحمدللّٰہ الذی سکھائی جاتی تھی۔

**یہ اللّٰہ کا نام مکمل ہے — یہ اللہ کا نام ہ کے بغیر نامکمل ہے**

| | | |
|---|---|---|
| ا | اللہ اکبر | اللہ سب سے بڑا ہے |
| ب | بیت اللہ |  |
| پ | پرچمِ اسلام |  |
| ت | تلوار |  |
| ٹ | ٹوپی |  |
| ث | ثمر |  |
| ج | جنت | جنت |
| چ | چاند |  |
| ح | حج |  |
| خ | خیمہ |  |


| | | |
|---|---|---|
| د | دوزخ | دوزخ |
| ڈ | ڈول |  |
| ذ | ذبح |  |
| ر | روضہ رسول ﷺ |  |
| ڑ | پہاڑ |  |
| ز | زکوٰۃ و عُشر |  |
| ژ | ژالہ باری |  |
| س | سجدہ | ایک اللہ کے سامنے جھکنا |
| ش | شہتوت |  |
| ص | صف | قطار باندھنا |

م — مسجد 

ن — Èہ تکبیر 

و — وزن 

ہ — ہجرت 

ء — اِسمِ اعظم 







ی — یا حیّ یا قیوّم 

ے — یلغارِ اسلام 

---

بھ ۔ پھ ۔ تھ ۔ ٹھ ۔ جھ

چھ ۔ دھ ۔ ڈھ ۔ کھ ۔ گھ

| | | |
|---|---|---|
| ض | ضرب مومن |  |
| ط | طہارت |  |
| ظ | ظہر کی نماز |  |
| ع | عمامہ شریف |  |
| غ | غارِ حرا |  |
| ف | فصل گندم |  |
| ق | قرآن مجید |  |
| ک | کلمہ طیبّہ |  |
| گ | گلاب کا پھول |  |
| ل | لحد والی قبر سنت ہے |  |

ا السلام علیکم

ب *رش

پ Šہ

ت تخت

ٹ ٹوکری

ث ثواب

ج Šجھ

چ چکی

ح حق

خ خط

Š ھŠŠ

| | |
|---|---|
| ڈ | ڈھال |
| ذ | ذخیرہ |
| ر | راہِ ت |
| ڑ | آڑو |
| ز | زیتون |
| ژ | ژالہ*ری |
| س | سرمہ |
| ش | âخ |
| ص | صفامروہ |
| ض | ضعیف |
| ط | طورسینا |

| | |
|---|---|
| ظ | ظروف |
| ع | عصاء |
| غ | غلیل |
| ف | فتح |
| ق | قلم |
| ک | کلہاڑی |
| گ | گوشت |
| ل | لنگر |
| م | محراب |
| ن | نار(آگ) |
| و | وضو |

| | |
|---|---|
| ہ | ہل |
| ء | اسمِ اعظم |
| ی ے | یاقوت |

اسلامی تہذیب پر پیسہ لگانا دین اسلام کی مدد ہے یہ تمام پیشے حلال ہیں

| | |
|---|---|
| ا | اسلحہ |
| ب | بادل |
| پ | پانی |
| ت | ترازو |

| | |
|---|---|
| ٹ | ٹوکہ |
| ث | ثمر |
| ج | جمعہ |
| چ | چراغ |
| ح | حجراسود |
| خ | خراس |
| د | درانتی |
| ڈ | ڈراللہ سے |
| ذ | ذکر |
| ر | رہبر |
| ڑ | اُڑھنا |

| | |
|---|---|
| ز | زمین |
| ژ | ژالہ باری |
| س | سایہ |
| ش | شمس |
| ص | صدقہ |
| ض | ضعیف |
| ط | طالب دعا |
| ظ | ظروف |
| ع | علم دین |
| غ | غار |
| ف | فن |

ق قلم

ک کلہاڑی

گ گائے

ل لاٹھی

م مسواک

ن نہر

و ورق

ہ ہمت

ی یٰسین

ے یاحی یاقیوم

# قرآن کی چند سورتوں کے اسماء (نام) اور معانی:

| اسماء سورۃ | اُردو | معانی | اسماء سورۃ | اُردو | معانی |
|---|---|---|---|---|---|
| الصّف | صف | قطار باندھنا | الحشر | حشر | بکھرے ہوؤں کو جمع کرنا |
| الحدید | حدید | لوہا | الحجرات | حجرے | کمرے |
| الدخان | دخان | دُھواں | الزخرف | زخرف | سونا |
| النمل | نمل | چیونٹی | النحل | نحل | شہد کی مکھی |
| الرعد | رعد | بجلی کی کڑک | العنکبوت | عنکبوت | مکڑی |
| البقرۃ | بقرہ | گائے | الانعام | انعام | مویشی |

| عربی | اُردو | معانی | عربی | اُردو | معانی |
|---|---|---|---|---|---|
| اموال | مال کی جمع | مال | نفس | نفس | جان |
| سحرِ عظیم | بڑا جادو | بڑا جادو | بیت الخلاء | بیت الخلاء | لیٹرین |
| مکان | مکان | گھر | یوم القیامۃ | قیامت کا دن | حساب کا دن |
| طوبٰی | خوشی | خوشی | بدر | چودھویں کا چاند | چودھویں کا چاند |
| قریہ | گاؤں | بستی | قانون | قانون | سُرنگی |
| حُسنِ مآب | اچھا انجام | اچھا بدلہ | دار البوار | ہلاکت کا گھر | تباہی کا گھر |
| موبقاً | ہلاکت کا میدان | تباہی کا میدان | موب | ہلاکت | تباہی |
| واقٍ | بچانے والا | بچانے والا | نار | آگ | آگ |
| عذاب غلیظ | گاڑھا عذاب | گاڑھا عذاب | الشّمس | سورج | سورج |

| عربی | اُردو | معانی | عربی | اُردو | معانی |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| قمر | چاند | چاند | بلد | شہر | شہر |
| زرع | زراعت | کھیتی باڑی | معاش | کسب | روزی |
| نارِسموم | بے دھویں کی آگ | بے دھویں کی آگ | جُزءٌ | حصہ | حصہ |
| دِفءٌ | گرم لباس | موٹا لباس | الہٰ واحد | ایک معبود | ایک اللّٰہ |

| | | | | | |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| آ | جا | وہ | آج | کھا | آؤ |
| جاؤ | آپ | رہ | رہا | ہے | اُس |
| اِس | آس | پاس | نے | کا | کے |
| کی | اپنا | تمھارا | ہمارا | رومال | روٹی |
| ربّ | سب | جب | کب | ڈر | موت |
| حیات | قبر | حشر | حساب | کتاب | جنت |
| دوزخ | آخرت | نہر | دودھ | شہد | انار |
| کیلا | کھجور | سیب | مالٹا | کِنو | رس |
| میں | زمین | مٹی | پانی | ہوا | آگ |
| آب | آسمان | بادل | سحاب | ستارے | چاند |
| سورج | فرشتے | صفامروہ | مکہ | مدینہ | غزوہ |
| بیت اللہ | مسجد | محراب | منبر | مصلّٰہ | مقام ابراہیم |
| آبِ زم زم | حجرِ اَسود | کریم | ربّ | حطیم | حیزوم |

لین سجین حجرہ مکان قرآن پاک حدیث پاک

برکت رحمت تقویٰ حق سچ صداقت

امانت دیانت عبادت آؤ وضو کریں۔آؤ کلمہ پڑھیں۔آؤ مل کر نماز ادا کریں۔آؤ مسجد کی صفائی کریں آؤ قرآن کی تلاوت کریں۔ آؤ جہاد کریں۔ صبح سویرے اُٹھ۔مسواک کر۔وضو کر۔مسجد جا۔ نماز پڑھ۔ تلاوت کر۔ عبادت کے بعد اللہ سے دعا مانگ اللہ کا شکر ادا کر۔اللہ رسول کا حکم مان۔ماں باپ کا ادب کر معلم کا احترام کر حلال اور پاکیزہ رزق کما۔حرام روزی سے بچ۔

**حرام روزی:** گانے باجے ، سُودی کاروبار ، رشوت ، چوری، ملاوٹ کرنا کم تولنا، شراب ، شراب والی دوائی کا استعمال ، جوا، تصویر کشی ، میوزک بیوٹی پارلر سینما ویڈیو سنٹر، عورتوں کا مردوں کے ساتھ دفتروں میں کام کرنا وغیرہ یہ تمام آخرت کے عذاب کا سبب ہیں۔

**عرب کا تاج:** حضور اکرم ﷺ نے فرمایا عمامے عرب کا تاج ہیں جب وہ ان کو چھوڑ دیں گے اپنی عزت کھودیں گے (بحوالہ بیہقی، حاکم، طبرانی، جامع صغیر)

؎ مغربی ڈھول کا سر میں نہ پہنچا تھا اثر کس قدر بات بہت خوب تھی عماموں میں

**عربی زبان کی شان:** حضور پاک ﷺ نے فرمایا عربی زبان کو تین وجہ سے پیار کرنا ایک میں محمد عربی ﷺ ہوں۔ دوسرا قرآن عربی میں۔اور تیسرا جنتیوں کی زبان عربی ہے۔(بحوالہ بیہقی، حاکم، طبرانی، جامع صغیر)

## علم کی تعریف:

"کسی شے کی صورت کا ذہن میں آنا علم کہلاتا ہے"

عالم کے ذہن میں کسی شے کا انکشاف "علم" ہے۔

امام بیہقی رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ امام شافعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے علم کی دو قسمیں بتائیں ہیں۔ (١) عوام کا علم (٢) خواص کا علم

## (١) عوام کا علم:

عوام الناس کے لیے فرائض واجبات اور حرام چیزوں کا جاننا ضروری ہے۔

## (٢) خواص کا علم:

احکام شرعیہ کی فروعات کا علم، قرآن مجید کی صریح عبارات، دلالت اشارت اور اقتضائے نص کو جاننا اس طرح حدیث آثار علم قیاس اور اس کی شرائط کو جاننا پیش آمدہ مسائل کا قرآن اور حدیث سے حل بتانا۔

## عالم کی فضیلت:

**انما یخشی اللّٰہ من عبادہ العلماء**

بے شک اللہ کے بندوں میں صرف علماء اللّٰہ سے ڈرتے ہیں

**فقیہ واحد اشد علی الشیطان من الف عابدہ**

ایک فقیہ شیطان پر ہزار عابدوں سے زیادہ بھاری ہے

افضلکم من تعلم القرآن وعلمه

تم میں سے افضل وہ ہے جو قرآن مجید کا علم سیکھے اور سکھائے

تم اس حال میں صبح کرو کہ تم عالم ہو یا معلم اس کے علاوہ اور کسی میں خیر نہیں

جو شخص احیا اسلام کے لیے علم کو طلب کر رہا تھا اور اس حال میں اس کو موت آ گئی اس کے اور انبیاء علیہم السلام کے درمیان جنت میں صرف ایک درجہ کا فرق ہوگا۔

(بحوالہ ایمان کی شاخیں شعب الایمان)

## اہل علم کے آخرت میں درجات:

جب تم جنت کی کیاریوں سے گزرو تو کچھ چرلیا کرو صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے عرض کی یارسول اللہ ﷺ جنت کی کیاریاں کیا ہیں فرمایا! اہل علم کی مجالس ۔ (بحوالہ شعب الایمان یعنی ایمان کی شاخیں)

اللہ تعالیٰ نے فرمایا!

اور بے شک اللہ تعالیٰ تم پر کتاب میں اتار چکا کہ جب تم اللہ کی آیتوں کو سنو ان کا انکار کیا جاتا اور انکی ہنسی بنائی جاتی ہے تو ان لوگوں کے ساتھ نہ بیٹھو جب تک وہ اور بات میں مشغول نہ ہوں۔ ورنہ تم بھی انہیں جیسے ہو۔ (سورۃ النساء آیت ۱۴۰ کنزالایمان)

اللّٰہ تعالیٰ نے فرمایا!

مسلمان کافروں کو اپنا دوست نہ بنالیں مسلمانوں کے سوا اور ایسا کرے گا اسے اللّٰہ سے کچھ علاقہ نہ رہا۔

حضور پاک ﷺ نے فرمایا!

کسی شخص کے عالم ہونے کے لیے کافی ہے کہ وہ اللّٰہ سے ڈرتا ہو۔

## ہمیں کون روزی دیتا ہے۔

اللّٰہ تعالیٰ نے فرمایا!

تم فرماؤ تمھیں کون روزی دیتا ہے آسمان اور زمین سے یا کون مالک کان اور آنکھوں کا اور کون نکالتا ہے زندہ کو مردہ سے اور نکالتا ہے مردہ کو زندہ سے اور کون تمام کاموں کی تدبیر کرتا ہے تو اب کہیں گے کہ اللّٰہ تعالیٰ۔ (سورۃ یونس ۳۱)

## تمام اشیاء کے نام اسلام کے مطابق رکھنا

تمام اشیاء کے نام اسلام کے مطابق رکھنا اللّٰہ جل جلالہ اور نبی پاک ﷺ کی سنت ہے مثلاً انبیاء کے نام مساجد کے نام راستوں کے نام دیہاتوں کے نام درختوں کے نام کھانے پینے کی چیزوں کے نام وغیرہ جن کا اللّٰہ تعالیٰ نے قرآن اور حدیث میں ذکر ہے۔

## ارشادِ ربانی ہے:

## یہودی اللّٰہ کے کلاموں کو اُن کے ٹھکانوں سے بدلتے ہیں

(سورہ نساء آیت ۴۵)

### بطور نمونہ چند الفاظ اور صفحے پیش کیے جاتے ہیں

انبیاء اور اہل ایمان کی پسند ☆ شیطان اور اہل کفار کی پسند

| قرآنی نام | اردو میں نام | غیر اسلامی نام |
|---|---|---|
| اللّٰہ | اللّٰہ تعالیٰ | گارڈ |
| محمد ،احمد | محمد ﷺ، احمد ﷺ | ایم۔اے |
| سلام | السلام علیکم | ٹاٹا بائے بائے |
| ابو | ابو، باپ | ڈیڈی آوارہ باپ |
| اُم | امی، ماں | ماما آوارہ ماں |
| نساء | عورت، خاتون | لیڈی، کافر عورت کا خطاب |
| معلم | استاذ | ٹیچر، سر |
| معلمہ | عالمہ | مس، میڈم بمعنہ کنجری |
| کتاب | کتاب | بک |

| قرآنی نام | اردو میں نام | غیر اسلامی نام |
|---|---|---|
| حساب | حساب | میتھ |
| صبح | صبح، سویرے | گڈ مارننگ |
| وقت | وقت | ٹائم |
| میزان | کل | ٹوٹل |
| تبدیل | بدلنا | چینج |
| شیطان، ابلیس | شیطان، ابلیس | |
| کلب | کتا | ڈوگ، کلب سنٹر |
| ببکہ | مکہ | |
| بلد، مدینہ | شہر | سٹی |
| قریہ | بستی، گاؤں، دیہات | ٹاؤن، ویلج |
| علم | علم، جاننا | نالج |
| قلم | قلم | بال پوائنٹ وغیرہ |
| شجر | درخت | ٹری |
| نخل | کھجور | |
| رمان | انار | |
| زرع | زراعت | فارم |

| قرآنی نام | اردو میں نام | غیر اسلامی نام |
|---|---|---|
| زیتون | زیتون | |
| سدر | بیر | |
| والتین | انجیر | |
| حنا | مہندی کا درخت | |
| زنجبیل | ادرک | |
| الخل | سرکہ | |
| مرجان | مرجان | |
| لؤ لؤ | موتی | |
| ملح | نمک | سالٹ |
| یوم | دن | ڈے |
| بقلها | ساگ | |
| قثائها | ککڑی | |
| فومها | گیہوں، گندم | ویٹ |
| عدسها | مسور | |
| بصلها | پیاز، لہسن | |
| بقرہ | گائے | کوہ |

| | | |
|---|---|---|
| عنکبوت | مکڑی | |
| جمل | اُونٹ | کیمل |
| نمل | چیونٹی | |
| فیل | ہاتھی | الیفنٹ |

## قرآن میں کثرت سے بولے جانے والے الفاظ اوران کا ترجمہ

| قرآن کے الفاظ | لفظ بہ لفظ | اردو ترجمہ |
|---|---|---|
| قال | ق۔ا۔ل | فرمایا |
| ھذا | ھ۔ذ۔ا | یہ |
| ھل | ھ۔ل | کیا |
| لا | ل۔ا | نہیں |
| من | م۔ن | سے |
| و | و | اور |
| مع | م۔ع | ساتھ |
| ثم | ث۔م | پھر |
| اِلاّ | ا۔ل۔ا | مگر |
| ماء | م۔ا۔ء | پانی |

# قرآن میں کثرت سے بولے جانے والے الفاظ اور ان کا ترجمہ

| | | |
|---|---|---|
| بیت | ب۔ی۔ت | گھر |
| بابٌ | ب۔ا۔ب | دروازہ |
| طیراً | ط۔ی۔ر۔ا | پرندہ |
| جبرائیل | ج۔ب۔ر۔ا۔ء۔ی۔ل | وحی لانے والا فرشتہ |
| میکائیل | م۔ی۔ک۔ا۔ء۔ی۔ل | |
| اسرافیل | ا۔س۔ر۔ا۔ف۔ی۔ل | صور پھونکنے والا فرشتہ |
| عزرائیل | ع۔ز۔ا۔ء۔ی۔ل | روح قبض کرنیوالا فرشتہ |
| سداً | س۔د۔اً | دیوار |
| تبزیراً | ت۔ب۔ز۔ی۔ر۔اً | فضول خرچی |
| سرمداً | س۔ر۔م۔د۔اً | ہمیشہ |
| جان | ج۔ا۔ن | سانپ |
| زجاجة | ز۔ج۔ا۔ج۔ة | شیشہ |
| حوت | ح۔و۔ت | مچھلی |
| حسنه | ح۔س۔ن۔ہ | نیکی |
| حدآئق | ح۔د۔آ۔ء۔ق | باغ |

# قرآن کے چند الفاظ اور ان کا ترجمہ

| عربی الفاظ | | معنی |
|---|---|---|
| ویل | ____________ | جہنم کی وادی کا نام |
| ویلکم | ____________ | تمھیں خرابی ہو (تمھیں مصیبت پہنچے) |
| جناح | ____________ | گناہ |
| افتراء | ____________ | جھوٹ باندھنا |
| لا | ____________ | نہیں |
| کریم | ____________ | عزت والے، اللہ کریم، رسول کریم قرآن کریم |
| قلب | ____________ | دل |
| کلب | ____________ | کتا (بلیئر ڈ کلب وغیرہ) |
| اساس | ____________ | بنیاد |
| نار | ____________ | آگ |
| اسلحہ | ____________ | ہتھیار |

# آسمان پر اللہ تعالیٰ کی نشانیاں

آسمان پر شمس طلوع آفتاب (سورج)

آسمان پر قمر (چاند)

آسمان پر نجوم (تارے)

آسمان پر سحاب (بادل)

آسمان سے بارش ہوتی ہے

آسمان پر گرج چمک

آسمان سے اولے برستے ہیں

آسمان پر بادل کی سرخی آسمان کا رونا ہے

آسمان سے فرشتوں کا نزول ہوتا ہے

آسمان پر شیطان کو آگ کے انگارے فرشتے مارتے ہیں

آسمان پر بیت المعمور ہے

آسمان پر سدرۃ المنتہیٰ ہے

دن رات کا آنا جانا بھی اللہ تعالیٰ کی نشانی ہے

ہوا کا چلنا بھی اللہ تعالیٰ کی نشانی ہے

ہر چیز کا سایہ بھی اللہ تعالیٰ کی نشانی ہے

# انسانی جسم کے (اعضاء) کے نام

دل۔آنکھ۔کان۔زبان۔ہاتھ۔منہ۔سر۔بال۔پیشانی۔دماغ۔
ناک۔گردن۔کندھا۔بازو۔کہنی۔انگلی۔انگوٹھا۔ناخن۔کمر۔پیٹ
ٹانگ۔پنڈلی۔ٹخنے۔پاؤں۔ایڑی۔ہڈی۔خون۔

# شجر (درخت)

تمام درخت اللہ تعالیٰ کی نشانیاں ہیں۔

## درخت کے مختلف مراحل (حصوں) کے نام

بیج۔رگر۔سوما۔شگوفا۔جڑ۔تنا۔چھال۔گوند۔شاخیں۔ٹہنیاں۔کانٹے
کونپل۔پھول۔پھل

جب ہر بیج سے سوما نکلتا ہے تو کافر ان کو دیکھ کر جل جاتے ہیں۔

## کھجور کے درخت کی فضیلت:

قرآن مجید میں کھجور کے درخت مبارک کا دوسرے درختوں سے زیادہ ذکر آیا ہے۔

## گھر میں کھجور کے درخت کی برکت:

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس گھر میں کھجور کا (درخت) ہو اُس گھر والے کبھی بھوکے نہ رہیں گے ۔بحوالہ مسلم شریف

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا عجوہ کھجور اور بیت المقدس کی مسجد کا گنبد دونوں جنت سے آئے ہیں۔ بحوالہ ابن ماجہ

## انار کی فضیلت:

انار کا اللہ تعالیٰ نے مختلف سورتوں میں ذکر فرمایا ہے **فیھا فاکھة ونخل ورمان** ترجمہ: یہ وہ جگہ ہے کہ جہاں ہر قسم کے پھل جیسا کہ کھجور اور انار موجود ہیں۔

حضور پاک ﷺ نے فرمایا ایسا کوئی انار نہیں ہوتا جس میں جنت کے اناروں کا دانہ شامل نہ ہو۔ بحوالہ ابن نعیم

## سدر۔ بیر کی فضیلت:

قرآن مجید میں بیر کے درخت کا ذکر مختلف سورتوں میں آیا۔سورۃ سبا۔ سورۃ واقعہ سورۃ نجم۔اس مبارک درخت کا ذکر آیا ہے۔

حضور پاک ﷺ نے بیری کے پھل کے بارے یہ اوصاف بیان فرمائے:

بیری کے درخت کا کسی اور سے کیا مقابلہ کہ اس کے تین اہم اوصاف ہیں۔

اس کا سایہ گھنا اور ٹھنڈا، اس کو لذیذ پھل لگتے ہیں، اور اس سے اچھی خوشبو آتی ہے

بحوالہ بخاری شریف

## انڈے کی فضیلت:

حضور پاک ﷺ نے فرمایا کسی نبی نے بارگاہ اللہ رب العزت عزوجل میں ضعیف (بدن) کی شکائت کی تو اللہ تعالیٰ نے انڈہ کھانے کا حکم فرمایا۔

بحوالہ نزہۃ المجالس

## نمک، ملح:

تاجدار مدینہ ﷺ نے فرمایا تمہارے سالن کا سردار نمک ہے۔

بحوالہ ابن ماجہ

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کھانا نمک سے شروع اور نمک پر ہی ختم کرو کیونکہ اس میں ستّر ۷۰ بیماریوں سے شفاء ہے۔

تاجدار مدینہ ﷺ نے حضرت عائشہ صدیقہ سے فرمایا جو شخص کھانے سے پہلے اور بعد میں نمک چکھے وہ تین سو تیس (۳۳۰) قسم کی بلاؤں سے بچ جائے گا۔

(مسند فردوس)

## کاسنی:

حضور پاک ﷺ نے فرمایا تمہارے لئے کاسنی موجود ہے کیونکہ کوئی ایسا دن

نہیں گزرتا جب جنت کے پانی کے قطرے اس پر نہ گرتے ہوں۔(بحوالہ ابونعیم)
یہ پودا سردیوں کے موسم میں برسیم میں سب سے زیادہ کاشت ہوتا ہے

## سرکہ۔الخل کی شان:

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا سرکہ کتنا اچھا سالن ہے۔بحوالہ مشکوٰۃ شریف

## علمِ دین حاصل کرنے کے لیے سفر کا حکم:

اللّٰہ تعالیٰ نے فرمایا! اور مسلمانوں سے یہ تو ہو نہیں سکتا کہ سب کے سب نکلیں تو کیوں نہ ہو کہ اُن کے ہر گروہ میں سے ایک جماعت نکلے کہ دین کی سمجھ حاصل کرے اور واپس آ کر اپنی قوم کو ڈر سنائیں اس امید پر کہ وہ عذاب سے بچیں۔
(سورۃ توبہ آیت ۱۲۲)

## دنیا کا علم عذاب ہے:

ارشاد ربانی ہے! جب اُن کے پاس اُن کے رسول روشن دلیلیں لائے تو وہ لوگ اسی پر خوش رہے جو ان کے پاس دنیا کا علم تھا تو انھیں پر اُلٹ پڑا جسکی ہنسی بناتے تھے (یعنی علمِ دین)۔(سورۃ مومن آیت ۸۳)

## پیٹھ پر کتابیں اٹھانے والے کی مثال گدھے کے ساتھ ہے:

ارشادِ ربانی ہے! اُن کی مثال جن پر تورات رکھی گئی تھی پھر اُنھوں نے حکم

برداری نہ کی گدھے کی مثال ہے جو پیٹھ پر کتابیں اُٹھائے کیا ہی بُری مثال ہے اُن لوگوں کی جنھوں نے اللّٰہ کی آیتیں جھٹلائیں۔(سورۃ جمعہ آیت ۵)

## اسلامی مہینے:

اسلامی مہینوں کے مطابق چلنا صحابہ کرام رضوان اللّٰہ علیہم اجمٰعین کی پیروی ہے:

(۱)محرم الحرام (۲)صفر المظفر (۳)ربیع الاوّل (۴)ربیع الثانی
(۵)جمادی الاوّل (۶)جمادی الثانی (۷)رجب المرجب (۸)شعبان المعظم
(۹)رمضان المبارک (۱۰)شوال المکرّم (۱۱)ذیقعد (۱۲)ذوالحجہ

## اسلامی تاریخ کورواج دیں۔اوراسلامی گنتی اور ہندسوں کورواج دیں

مساجد میں اسلامی ہندسوں والی گھڑیاں اوراوقات نماز اسلامی ہندسوں میں لکھوائیں۔

## چاروں اطراف: مشرق ۔ مغرب ۔ جنوب ۔ شمال

## زمین اورآسمان گردش نہیں کرتے:

قرآن کی سورۃ فاطر کی آیت ۴۰ تا ۴۱ کا ترجمہ دیکھیں ۔ یہ سائنسدانوں اورکفار کاپروپوگنڈا ہے۔

# زمانے کی قسمیں:

زمانے کی تین قسمیں ہیں ماضی، حال، مستقبل

## زمانہ ماضی:

گزرے ہوئے زمانے کو زمانہ ماضی کہتے ہیں قرآن پاک میں پہلی قوموں کی نافرمانی بتائی گئی جس کے سبب اللہ تعالیٰ نے اُن پر طرح طرح کے عذاب نازل کیے کسی قوم کو بندر بنادیا کسی کو سور بنادیا کسی کو دریا میں ڈبو دیا کسی کو آسمان سے پتھر بھیج کر ہلاک کردیا ایمان والوں کو اللہ تعالیٰ نے ان عذابوں سے بچالیا۔

## زمانہ حال :

موجودہ زمانے کو زمانہ حال کہتے ہیں اس وقت آخری نبی حضرت محمد ﷺ کی رسالت کا زمانہ ہے اس میں اللہ سے ڈر کر اس کے نازل کردہ احکامات کے مطابق زندگی بسر کر کے رضائے الٰہی اور جنت کا انعام پائیں گے ۔

## زمانہ مستقبل:

آنے والے وقت کو زمانہ مستقبل کہتے ہیں قبر کا زمانہ عالم برزخ حشر کا دن اور قیامت کے دن جو اللہ اور انبیاء پر کامل ایمان سے مراد وہ جنت میں پہنچ کر راحت اور ہمیشہ اللہ تعالیٰ کی نعمتیں کھائے گا جو منکر ہوگا وہ ہمیشہ ہمیشہ آگ میں جلتا رہے گا۔

# سات کا ہندسہ:

سجدہ ۷ سات ہڈیوں پر ہوتا ہے۔ بیت اللّٰہ کے طواف کے چکر سات ۷۔
صفا مروہ دوڑ کے چکر سات ۷۔ شیطان کو کنکریاں مارنے کی تعداد سات ۷۔
قرآن کی منازل کی تعداد سات ۷۔ آسمان اور زمین کی تعداد سات ۷۔
ہفتہ کے دنوں کی تعداد سات ۷۔ سورۃ فاتحہ کی آیات کی تعداد سات ۷۔

# حساب کتاب میں اسلامی الفاظ کا استعمال:

جمع ۔تفریق ۔ضرب ۔تقسیم ۔وزن ۔میزان ۔کلُ ۔ترازو ۔برابر۔مساوی ۔رقم۔ بیانہ نقد۔ادھار۔وصول۔بقایاجات۔قرضِ حسنہ تفصیل ۔تبدیل ۔لین دین ۔ناپ تول ۔اسلامی گنتی ۔اسلامی تاریخ وقت ۔ دن ۔ ہفتہ ۔ مہینہ ۔ سال ۔ صدی ۔ اسلامی ۔ جنتری دستخط۔مہر۔ابتدا۔انتہا۔اول ۔آخر۔نشان انگوٹھا۔ضامن ۔شہادت ۔میل گز۔سیر

یہ لفظ قرآن اور قرآن کے ترجمے میں لکھے اور پڑھے جاتے ہیں مسلمانوں کو روزمرہ زندگی میں یہی الفاظ استعمال کرنے چاہیے۔

# اسلامی زبانیں:

مثلاً عربی ۔فارسی ۔اُردو ۔پنجابی ۔پشتو۔سندھی وغیرہ یہ سب زبانیں دائیں طرف سے لکھی اور پڑھی جاتی ہیں۔تو اللہ تعالیٰ دائیں طرف سے لکھنے کو پسند فرماتا ہے اور قیامت والے دن مسلمانوں کا نامہء اعمال دائیں ہاتھ میں دیا جائے گا۔

# یہود و نصاریٰ کی اتباع:

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تم لوگ اگلے لوگوں کے طریقوں کی اتباع کروگے بالشت بالشت اور گز گز حتیٰ کہ اگر وہ کسی گوہ کے سوراخ میں داخل ہوئے ہوں گے تو تم بھی ایسا ہی کروگے صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ کیا یہود و نصاریٰ کی اتباع؟ فرمایا تو پھر کس کی؟

(بحوالہ بخاری و مسلم)

# روزمرہ زندگی میں بولے جانے والے غیر اسلامی الفاظ:

ہیلو۔ویلکم۔ڈیڈی۔پاپا۔ماما۔فادر۔مدر۔میڈم۔لیڈی۔کزن۔مِس ۔ سسٹر۔سر ۔ٹیچر۔یس سر۔گڈ بائے۔بوس۔ہاؤس۔روم۔اے رینٹ۔سروس۔ او کے بائے بائے۔انجمن۔کلب۔ریس۔کلومیٹر۔کلوگرام۔میٹر۔گاڈ۔ٹومی۔لین۔ رینٹ آن لائن۔پرافٹ۔میوزک۔گلوکار۔اداکار۔پروفیسر۔ماسٹر۔سکالر۔نرس۔

نرسری پریپ۔سکول۔بوائے۔گرل۔گڈمارننگ۔گڈایوننگ۔فارم وغیرہ۔

تمام کفار کی زبانیں بائیں طرف سے لکھی اور پڑھی جاتی ہیں مثلاً انگریزی۔برٹش ہندی۔گرینتھ۔سنسکرت وغیرہ۔

کفار کی تعلیم اوران کے ناموں کومٹانے کا حکم ہے۔خواہ سرکاری محکمے ہو یا غیرسرکاری ان سب میں کفار کے نام مٹاکر اسلامی ناموں کورواج دیں

## جاندار کی تصویر:

قالین ، پتھر، کپڑے، درہم دینار اور تکیے وغیرہ پرحرام ہے دیوار چھت پردے پگڑی، گاڑی وغیرہ پرتصویر بنانا حرام ہے۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا!''جولوگ یہ تصویر بناتے ہیں اُن کوقیامت کے دن عذاب ہوگا اوراُن کوکہا جائے گا جوتم نے بنایا ان کوزندہ کرو۔''

(بخاری شریف و مسلم )

## اسلامی چیزیں اپنائیں اورغیراسلامی چیزیں چھوڑ دیں:

| اسلامی چیزیں | غیراسلامی چیزیں اور بدعتیں |
|---|---|
| **رحمٰن** | **شیطان** |
| قرآن،حدیث نبوی ﷺ | گانا باجا،فلمیں ڈرامے،ڈائجسٹ |
| فرمان صحابہ،اقوال بزرگانِ دین | ناول بیہودہ اشعار شیطان کا کلام ہے |

## سنتیں

مسواک

تیل سرسوں وغیرہ

اتباعِ دین

کنگھا

ٹوپی

عمامہ

قمیص، کرُتہ

تہبند

پاجامہ

لاٹھی، عصا

عطر

تلوار، تیر، نیزہ

داڑھی

مہندی

سرمہ، داتن

باپردہ خاتون

## بڑی بدعتیں

ٹوتھ برش ہر قسم کی انگریزی ٹیوب

مختلف ہیئر آئل

روشن خیالی، آزادی

برش

مختلف رنگوں کی کیپ

ننگے سر

شرٹ، ٹائی

پینٹ

نکر

بلیئرڈ کلب، سٹک

شراب والے سپرے سنٹ حرام

گیند بلا، ہاکی وغیرہ

کلین شیو

کلف (سیاہ خضاب)

کاجل، لپسٹک

مقابلہ حُسن، جسم کی نمائش

| | |
|---|---|
| مسجد مدرسہ | سکول کالج اکیڈمی، سینما |
| قلم | مختلف پنسلیں |
| حلال جانوروں کا دودھ | تمام مختلف پیکٹوں والا دودھ |
| دیسی جڑی بوٹیوں کی ادویات | تمام انگریزی الکوحل سے تیار شدہ ادویات |

## محض دنیا کیلئے علم حاصل کرنیوالے جنت کی خوشبو سے محروم ہیں

حضور پاک ﷺ نے فرمایا جو شخص علم خالصتاً اللہ کے لیے نہیں بلکہ دنیاوی مقاصد کیلئے حاصل کرے تو قیامت کے دن وہ جنت کی خوشبو ہرگز نہیں پائے گا

(ابن ماجہ جلد ا صفحہ ۱۰۳)

غیر شرعی علوم مثلاً تصویر کشی کا علم، سودی بنکاری نظام کا علم، علم نجوم، میوزک، گانا باجا اور فلمی اداکاری کی تعلیم، خاندانی منصوبہ کی تعلیم، علم موسمیات، علم لاء، انگلش میڈیم کی مغربی تعلیم اور بیوٹی پارلر کی تعلیم وغیرہ۔

تعلیم تو وہ ہے جو انسان کو مسلمان بنادے
وہ بھی کوئی تعلیم ہے جو انسان کو غیر مسلم بنادے

# قرآن اور علم کا دنیا سے اُٹھ جانے کا بیان:

زیاد بن عبید نے فرمایا حضور پاک ﷺ کے سامنے کسی بات کا ذکر آیا تو آپ نے فرمایا یہ اُس وقت ہوگا جبکہ علم اُٹھ جائے گا میں نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ علم کیسے اُٹھ جائے گا جبکہ ہم قرآن پڑھتے ہیں اور اپنی اولاد کو پڑھاتے ہیں اور وہ اپنی اولاد کو پڑھائیں گے اسی طرح قیامت تک سلسلہ چلتا رہے گا آپ نے فرمایا اے زیاد ماں مرے میں تجھے مدینے کے فہیم لوگوں میں شمار کرتا تھا کیا یہود اور نصاریٰ تورات انجیل نہیں پڑھتے لیکن ان میں سے کوئی بھی اس پر عمل نہیں کرتا۔

(بحوالہ ابن ماجہ جلد ۲)

# قیامت کے دن چوٹی کے بالوں سے پکڑ کر جہنم میں ڈالے جائیں گے

ارشاد ربّانی ہے! مجرم اپنے چہرے سے پہچانے جائیں گے ماتھا اور پاؤں پکڑ کر جہنم میں ڈالے جائیں گے۔ (سورۃ رحمٰن آیت ۴۰ تا ۴۱)

# تین طرفوں سے بال کٹوانا چوٹی پر بال رکھنا کافروں کے سردار ابوجہل کی پیروی ہے:

ارشاد ربّانی ہے! ہاں ہاں باز نہ آیا تو ضرور ہم پیشانی کے بال پکڑ کر کھینچیں گے کیسی پیشانی جھوٹی خطا کار۔ (سورۃ علق آیت ۱۵ تا ۱۶)

# دو مسلمانوں کا آپس میں مصافحہ کرنے کا ثواب:

نبی پاک ﷺ نے فرمایا! جب دو مسلمان ایک دوسرے کو ملتے ہیں اور مصافحہ کرتے ہیں تو ان کے جُدا ہونے سے پہلے اُن کی مغفرت کر دی جاتی ہے۔ (ابن ماجہ جلد ۲ ص ۴۰۴)

## غیر محرم عورت کو ہاتھ لگانا یا ملانا:

نبی پاک ﷺ نے فرمایا! تم میں سے کسی کے سر میں لوہے کی سوئی ماری جائے یہ اُس کے لیے اس بات سے بہتر ہے کہ وہ کسی عورت کو ہاتھ لگائے جو اس کے لیے جائز نہیں (طبرانی)

اس حدیث پاک سے وہ مسلمان لوگ عبرت حاصل کریں جو اپنی عورتوں کو غیر محرم مردوں سے ہاتھ ملانے سے نہیں روکتے یعنی ہاتھ ملا کر کسی عورت کو السلام علیکم کہنا۔

# علامہ اقبال مفکرِ پاکستان نے فرمایا:

اقوام متحدہ ابلیس کی مجلس شوریٰ ہے دوسری جگہ فرمایا اقوام متحدہ کفن چوروں کا ٹولہ ہے آگے فرمایا کفار کو اسلام کی تبلیغ کرنا ایسے ہے جیسے چیونٹی (کیڑی) کی آنکھ میں سُرمہ ڈالنا ہے۔

# جمہوریت اور الیکشن ممبری کے بارے میں علامہ نے فرمایا

اُٹھا کر پھینک دو باہر گلی میں　یہ نئی تہذیب کے انڈے ہیں گندے
الیکشن ممبری کونسل صدارت　یہ خوب لگائے ہیں آزادی نے پھندے
میاں نجار بھی چھیلے گئے ساتھ　یہ نہایت تیز ہیں یورپ کے رندھے

# قرآن پاک کا انگریزی میں ترجمہ کرنے کے بارے میں

مفتی احمد یار خاں نعیمی سورۃ الزمر کی تفسیر میں فرماتے ہیں قرآن کا ترجمہ قرآن نہیں کیونکہ قرآن عربی زبان میں ہے قرآن کا انگریزی وغیرہ نقوش میں لکھنا بھی منع ہے جیسے قرآن کی زبان عربی ہے ویسے ہی اس کی تحریر بھی عربی ہونی چاہیے نیز انگریزی زبان میں ح۔ہ۔س۔ص۔ث کا فرق نہ ہو سکے گا حالانکہ ان حروف کے بدل جانے سے معنی فاسد ہو جاتے ہیں۔ (تفسیر سورۃ الزمر کنز الایمان)

## جہاد کے لیے گھوڑا پالنے کی فضیلت کا بیان:

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جس نے جہاد فی سبیل اللہ کے لیے گھوڑا پال کر اسے چارہ اور دانہ خود کھلایا تو اُسے ہر دانہ کے عوض ایک نیکی ملے گی۔ (بحوالہ ابن ماجہ جلد۲)

## ہتھیاروں کا بیان:

سائب بن یزید نے فرمایا رسول اللہ ﷺ نے اُحد کے دن دو زریں پہنیں اور آپ ان سے نظر آ رہے تھے۔ (ابن ماجہ جلد۲)

## سکول کالج کی تعلیم پانیوالوں کے بارے میں سرسورخان علیگڑی کہتا ہے:

تعجب ہے اُن لوگوں پر جو تعلیم پاتے جاتے ہیں جن سے قوم کی بھلائی کی اُمید تھی وہ بدترین شیطان بنتے جاتے ہیں۔ (بحوالہ موج کوثر۔علم التعلیم۔مطالعہ پاکستان۔عمرانیات۔بی اے)

## حدیث شریف میں عورتوں کو لکھنا سکھانا منع ہے:

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! "لا تعلمو هن الكتابة"

ترجمہ: عورتوں کو لکھنا نہ سکھاؤ۔اس میں فتنے کا دروازہ کھولنا ہے۔

اللہ عزوجل فرماتا ہے ''والفتنۃ اشد من القتل'' ترجمہ فتنہ قتل سے بھی سخت تر ہے۔ اہل سنت وجماعت کے عقیدے اور طہارت ونماز روزہ کے مسئلے سیکھنا سب پر فرض ہے لڑکیوں کو بھی یہ دینی مسائل سیکھنا فرض ہیں۔ معتبر کتابیں سنی عالم کی اردو تصنیف صحیح العقیدہ نیک خصلت عورت سے پڑھوانا ضروری ہے ان ضروریات دین اور قرآن عظیم پڑھنے کے بعد پھر اگر اُردو یا گجراتی کی ''دنیوی کتاب'' جس میں کوئی بات نہ دین کے خلاف ہو نہ بے شرمی کی نہ اخلاق وعادات پر برُا اثر ڈالنے کی اور پڑھوانے والی عورت ''سنی مسلمان پارسا حیادار'' ہو تو کوئی حرج نہیں۔ (فتاویٰ رضویہ جلد ۱۰ نصف آخر ص ۱۲۹)

''عورتوں کو لکھنا سکھانا، شرعاً ممنوع وسنت نصاریٰ وفتح باب ہزاروں فتنہ اور مستان سرشار کے ہاتھوں میں ''تلوار'' دینا ہے جس کے ''مفاسد شدیدہ پر تجارت جدیدہ'' شاہد عادل ہیں۔

(فتاویٰ رضویہ جلد ۱۰ نصف اوّل ص ۱۵۴)

## علامہ اقبال رحمتہ اللہ علیہ ''بانگ درّا'' میں فرماتے ہیں:

لڑکیاں پڑھ رہی ہیں انگریزی ڈھونڈ لی قوم نے فلاح کی راہ
روش مغربی ہے مدِ نظر وضع مشرق کو جانتے ہیں گناہ
یہ ڈراما دکھائے گا کیا سین پردہ اُٹھنے کی منتظر ہے نگاہ

# آسان چھوٹے جملے

| | |
|---|---|
| اللہ تعالیٰ پاک ہے | اُس کا کوئی شریک نہیں |
| اللہ تعالیٰ سب سے بڑا ہے | وہ ہر چیز پر قادر ہے |
| اللہ تعالیٰ ہر چیز کا خالق ہے | وہ تمام عیب سے پاک ہے |
| وہ سب کا پالنے والا ہے | اللہ تعالیٰ نے نبی اور رسول بھیجے |
| تمام رسولوں پر ایمان لانا فرض ہے | نبی پاک ﷺ آخری نبی ہیں |
| قرآن پاک کا ادب کرو | قرآن پاک اللہ تعالیٰ کی آخری کتاب ہے |
| نماز ہر مومن پر فرض ہے | ہر جان دار نے مرنا ہے |
| نیک لوگوں کو جنت عطا ہوگی | برے لوگ دوزخ میں جائیں گے |
| ماں باپ کی حقوق ادا کرو | بڑوں کا ادب کرو |
| کسی کو گالی نہ نکالو | ہر حال میں سچ بولو |
| جھوٹ مت بولو | ہر بات خاموشی سے سنو |
| نیک بات بیان کرو | برے کام سے منع کرو |
| ہر جگہ حق بیان کرو | کم کھانا صحت ہے |
| کم سونا عبادت کے لیے اچھا ہے | حق گو کو دوست جانو |
| سر پر عمامہ رکھنا سنت ہے | نظر کی حفاظت کرو |
| ایمان اور حیا جدا نہیں | ہر اچھا کام دائیں ہاتھ سے شروع کرو |

حسد ایمان کو بگاڑ دیتا ہے
خواہش نفس کی پیروی نہ کرو
ووٹ اسلام کی ضد ہے
ووٹ یہودی کی ایجاد ہے
ووٹ لینا اور دینا حرام ہے
ووٹ شیطانی حکومت ہے
پولیو کے قطرے حرام ہیں
پولیو کے قطرے بیماری ہیں
پینٹ لباس نہیں عذاب ہے
پینٹ بندروں کا لباس ہے
گانا گانے والا خبیث ہے
ساز باجے شیطان کی اذان ہیں
سکولی کی خوراک ٹی وی۔ وی سی آر
کنجر کا نام اداکار ہے
میراثی کا نام گلوکار ہے
سر بے غیرت کو کہتے ہیں
لیڈی بے حیا کو کہا جاتا ہے
یہودی کے غلام کو ماسٹر کہتے ہیں
ڈاکوؤں کے سردار کا نام تھانے دار ہے
سکول اسلام کی ضد ہے
سکول کفر کا اڈا ہے
سکول ہر برائی کی جڑ ہے
کالج شیطان کا گھر ہے
سکول کفر کی مشین ہے
سکول سے منافق بنتے ہیں
ٹی وی کفر کا آلہ ہے
ٹی وی شیطان کا جال ہے
ٹی وی یہودی کی درس گاہ ہے
ٹی وی بے حیائی پھیلاتا ہے
ٹی وی کی پیداوار۔ فاسق اور بدکار
ہمارا بڑا دشمن یہودی ہے
یہودی بڑا مکار ہے
یہودی شیطان کا وارث ہے
یہودی پر لعنت کرنا صدقہ کا ثواب ہے

| | |
|---|---|
| سائنس شیطانی وحی ہے | سائنس یہودی کی ایجاد ہے |
| سائنس رب تعالیٰ کا عذاب ہے | سمجھدار وہ ہے جو نیک ہو |
| اسلام میں کوئی خامی نہیں | کفر میں کوئی خوبی نہیں |
| چھوٹی سے چھوٹی نیکی مت چھوڑو | چھوٹے سے چھوٹے گناہ مت کرو |
| لالچ اندھا کر دیتی ہے | اچھا لباس سفید ہے |
| سر ڈھانپ کر رکھو | سر ڈھانپ کر رکھو |
| خوب پڑھو آگے بڑھو | دولت، عورت اور کھانا چھپا کر رکھو |
| نظریں جھکا کر بات کرو | سونے سے پہلے بستر جھاڑ لو |
| کھانا ٹھنڈا کر کے کھاؤ | بھوک رکھ کر کھاؤ |
| دکھ سکھ میں دوست کی مدد کرو | چھیڑ چھاڑ مت کرو |
| اِدھر اُدھر مت دیکھو | شیطان کھلا دشمن ہے |

## حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ شیطان کے نو (۹) بیٹے ہیں۔

(۱) ایک بیٹے کا نام ''**زلیتون**'' ہے، یہ بازار میں اپنا جھنڈا نصب کرتا ہے اور لوگوں کو گمراہ کرتا ہے۔

(۲) ''**وثین**'' یہ جب کسی پر مصیبت آتی ہے تو اس وقت اپنا کام کرتا ہے۔

(۳) "**لقوس**" ہے یہ مجوسیوں کا دوست راز ہے۔

(۴) "**اعوان**" ہے یہ بادشاہوں کے دربار میں رہتا ہے۔

(۵) "**ھفاق**" یہ شراب کی وجہ سے لوگوں کو فتنہ میں ڈالتا ہے۔

(۶) "**صرہ**" یہ سازوں کی وجہ سے اپنا کام دکھاتا ہے۔

(۷) "**مسوط**" یہ خبر رسانوں کے ساتھ رہتا ہے لوگوں میں ایسی افواہیں اڑاتا ہے جسکی اصل نہیں ہوتی۔

(۸) "**واسم**" یہ لوگوں کے گھروں میں رہتا ہے جب کوئی گھر میں داخل ہوتا ہے اور سلام نہیں کہتا اور اللہ کا نام نہیں لیتا تو اس کا داؤ چل جاتا ہے جس کا انجام گھر میں طلاق، بیوی بچوں کو مارنے کی صورت میں نکلتا ہے۔

(۹) "**ولھان**" یہ وضو نماز اور دیگر طہارت میں وسوسے ڈالتا ہے۔

(بحوالہ حجر عسقلانی) غنیۃ الطالبین

## جمعہ کے دن نماز کیلئے زینت اختیار کرنے کی فضیلت:

حضور پاک ﷺ نے فرمایا جس نے جمعہ کے دن اچھی طرح غسل کیا اور مسجد میں جلدی آیا پیدل چل کر آیا سوار ہو کر نہیں امام کے کے قریب بیٹھا خطبہ سنا اور اس میں بیہودہ حرکت نہیں کی تو اس کیلئے ہر قدم کے بدلے ایک سال کے روزوں اور رات کے نفلوں کا ثواب (ماجہ شریف جلد۱ ص۳۱۴)

## کافراور منافق کی زندگی کو پسند کی نگاہ سے نہ دیکھو

جو دنیا کی زندگی اور آرائش چاہتا ہو ہم اس میں ان کا پورا پھل دیں گے اور اس میں کمی نہ دیں گے یہ ہیں وہ جن کے لئے آخرت میں کچھ نہیں مگر آگ (سورۃ ہود ۱۵)

جس نے اپنی ضرورت سے زائد ایک مکان بنایا قیامت کے دن اس کے گلے میں طوق ڈالا جائے گا۔(بحوالہ بہشتی زیور)

## گانا،قوالی اور ناچ:

گانا،قوالی اور ناچ جو ہمارے زمانے کے صوفی لوگ کرتے ہیں وہ حرام اور اس کی طرف جانا اور وہاں بیٹھنا جائز نہیں ہے۔(فتاویٰ عالمگیری جلد۴ص۳۲۰)

## گھر گھر ہے عام، مکان ہو یا دُکان، شیطان کی اذان:

گانا بجانا،طبلہ،ڈھول،باجے،قوالی،ٹی وی،وی سی آر،ڈِش انٹینا،کیبل،اور دیگر آلات،موسیقی جو بجائے جاتے ہیں۔یہ سب شیطان کی اذانیں ہیں۔کیونکہ شیطان گانے بجانے کا بانی ہے گانا بجانا اس کی اذان ہے۔

## اپنی اولاد کو سور اور بندر بننے کے عذاب سے بچاؤ:

حضور پاک ﷺ نے فرمایا! میری اُمت کے کچھ لوگ شراب کو اس کا نام بدل کر پئیں گے ان کے سامنے معازف مزامیر کے ساتھ عورتوں کا گانا ہوگا اللہ تعالیٰ

ان کو زمین میں دھنسا دے گا اور بعض کی صورتیں مسخ کر کے بندر اور سور بنا دے گا۔ (ابوداؤد، ابن ماجہ)

حضور پاک ﷺ نے فرمایا کہ ضرور میری اُمت میں زمین دھنسنے، پتھروں کی بارش ہونے اور صورتیں بگڑنے کے واقعات ہونگے اور ایسا اُس وقت ہوگا جب لوگ شراب پئیں گے گانے والی لونڈیاں عام ہو جائیں گی اور باجے تاشے بجائے جائیں گے۔ (بحوالہ ابن ابی الدنیا فی ذم الملاھی)

آج سکولوں، کالجوں میں باقاعدہ مسلمانوں کے بچے اور بچیوں کو ناچ گانے اور ڈانس کی تعلیم دی جارہی ہے۔ اور نصاب کی کتابوں میں غیر اسلامی مواد پڑھایا جا رہا ہے اور بچوں کے ذہنوں سے اللّٰہ کا ڈر اور آخرت کے عذاب سے بے خوف کیا جا رہا ہے۔ ہے کوئی مسلمان جو اپنی اولاد کا خیر خواہ ہو، اور اپنی اولاد کو گناہوں کے کاموں اور عذاب الٰہی سے بچائے۔ اللّٰہ تعالیٰ ہم سب کو کامل ایمان عطا فرمائے (آمین)

## عرض ناشر:

آپ خود اور اپنی اولاد کو غیر اسلامی کتب اور آلات موسیقی سے بچائیں اور ہر قسم کے انگریزی کھانے، پانی اور ناپاک بیکری کی چیزیں نہ کھائیں۔

قرآن وحدیث کا علم پڑھ کر اپنے نبی ﷺ کی اطاعت کریں اور حلال پیشے اختیار کریں۔ حرام سے بچیں۔ یہی مسلمان کی کامیابی ہے۔

**دعا:** بندہ ناچیز کی اس کاوش کو اللّٰہ تعالیٰ شرف قبولیت بخشے (آمین)

اشاعت سوم: ذوالحجہ ۱۴۳۰ھ

# مکتبہ افکار اہلسنت

## مجھے دین اسلام سے پیار ہے

### دل بدل جاتے ہیں تعلیم بدل جانے سے

### علامہ اقبال کی فریاد!

اور یہ اہل کلیسا کا نظامِ تعلیم — اک سازش ہے فقط دین و مروت کے خلاف
نوجوانوں کو میری آہ وسحر دے — پھر ان شاہین بچوں کو بال و پَر دے
خدایا آرزو میری یہی ہے — میرا نورِ بصیرت عام کر دے

### اکبر الہ آبادی کی فریاد سنیئے

تعلیم جو دی جاتی ہے وہ کیا ہے فقط بازاری ہے
جو عقل سکھائی جاتی ہے وہ کیا ہے فقط سرکاری ہے
اِک علم تو ہے بت بننے کا اِک علم ہے حق پڑھنے کا
اس علم کی سب دیتے ہیں سند اُس علم میں ماہر کون کرے

بے پردہ مجھ کو آئیں نظر چند بیبیاں — اکبر زمیں میں ''غیرت قومی'' سے گڑ گیا
پوچھا جوان سے آپ کا پردہ کدھر گیا — کہنے لگیں کہ ''عقل'' پہ مردوں کے پڑھ گیا

### مفتی فضل احمد چشتی صاحب کی سکولوں کالجوں کے بارے منظر کشی

پردے سے باہر نظر آئیں ''ساری لڑکیاں''
شرم و حیا سے عاری تھیں ''ساری لڑکیاں''
میں نے کہا اُن سے حیا بھی ہے کوئی چیز
وہ کہنے لگیں ہم تو ہیں ''کالج کی لڑکیاں''

ادب، غیرت، کفر مخالفت